| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: مذہبی تہوار

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان میں منائے جانے والے دوسرے مذاہب کے مذہبی اور ثقافتی تہواروں کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ ہمارا ملک پاکستان ایک ایسی اکائی ہے جس میں مختلف ثقافتوں اور تہذیبوں کا رنگ شامل ہے۔ تہذیب و ثقافت میں کسی ملک کے نظریے، عقیدے، رسم و رواج اور تہوار شامل ہوتے ہیں۔ پاکستان میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی اپنے تہوار بڑے جوش و خروش سے مناتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 18 سے ''کرسمس''، ''ہولی'' اور ''بیساکھی'' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے ملک میں مسلمانوں کے ساتھ غیر مذہب کے لوگ بھی آباد ہیں ہر مذہب کے اپنے اپنے تہوار اور رسم و رواج ہوتے ہیں۔
- کرسمس مسیحیوں کا مذہبی تہوار ہے مسیحی ہر سال 25 دسمبر کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یومِ پیدائش مذہبی جوش و خروش سے مناتے ہیں۔
- ہولی ہندو مذہب کے تمام بچّوں اور بڑوں کا پسندیدہ تہوار ہے۔ اس دن ہندو اکٹھے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے پر رنگ پھینک کر خوشیاں مناتے ہیں۔
- بیساکھی سکھوں کا تہوار ہے جو سکھ برادری اپنے نئے سال کے پہلے دن یعنی یکم بیساکھ کو مناتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں یہ تمام تہوار خوشی کی علامت ہیں اور کسی بھی قوم یا ملک کی معاشرتی زندگی کا اہم حصّہ ہوتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| معانی | پڑھانے کا طریقہ | الفاظ |
|---|---|---|
| پسند کیا ہوا | پَ۔سَن۔دِی۔دہ | پسندیدہ |
| پکا ہوا کھانا | پَک۔وان | پکوان |
| دن | یَوم | یوم |
| پیدا ہونا | پے۔دا۔اِش | پیدائش |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سوال(۱)اور(۲)طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ سے دیگر مذاہب کی معلومات حاصل کر کے ان کے تہواروں کی فہرست اپنی کاپی میں بنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: مذہبی تہوار |
|---|---|---|

سوال 1: کالم 'الف' کو کالم 'ب' سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| مسلمان • | • ہولی |
| مسیحی • | • بیساکھی |
| ہندو • | • عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ |
| سکھ • | • کرسمس |

سوال 2: تصاویر کو دیکھ کر تہواروں کے نام لکھیں۔




..........................................



..........................................



..........................................



..........................................

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 7 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شناخت کر سکیں کہ قُدرتی ماحول جان دار اور بے جان اشیا پر مشتمل ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو ماحول کا مختصراً تعارف کروائیں۔ انھیں بتائیں ہمارے اِرد گرد کی اشیا مل کر ہمارا ماحول بناتی ہیں۔ مجموعی طور پر زمین، فضا اور پانی کو ماحول کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 21 کے پہلے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہماری زمین کا تقریباً ایک چوتھائی حصّہ خشکی اور تین چوتھائی حصّہ پانی پر مشتمل ہے۔ پانی والے حصّے میں سمندر، دریا، جھیلیں وغیرہ ہیں جبکہ خشکی والے حصّے پر اُونچے پہاڑ، وسیع میدان، صحرا اور سر سبز وادیاں موجود ہیں۔ ان تمام جگہوں پر پائے جانے والے اجزاء اور عناصر مل کر ماحول بناتے ہیں۔
- طلبہ کو زمین کے پانی اور خشکی کے حصّوں کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔ اور اُن سے گفتگو کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مشتمل | مُش۔ تَ۔ مل | شامل |
| وسیع | وَ۔ سیع | کشادہ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

زمین کے خشکی اور پانی والے مختلف حصّوں کے نام اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل |
|---|---|---|

سوال 1: تصاویر کو دیکھیں اور صحیح لفظ پر دائرہ لگائیں۔



پہاڑ/وادی



جنگل/صحرا



میدان/سمندر



سمندر/صحرا



وادی/میدان

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ 7 تیسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شناخت کر سکیں کہ قُدرتی ماحول جان دار اور بے جان اشیا پر مشتمل ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے ماحول کے بارے میں سوال کریں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں جو اشیا مل کر ہمارا ماحول بناتی ہیں ان میں جان دار اور بے جان دونوں اشیا شامل ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 21 پر موجود آخری پیرا گراف کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے جان دار اور بے جان اشیا کا فرق پوچھیں، انھیں اِسکول کی چیزوں کا مشاہدہ کروائیں۔ اس مقصد کے لیے انھیں اسکول کا دورہ کروائیں اور بتائیں درخت، پودے، پرندے اور ہم انسان جان دار جبکہ کرسی، میز، بستہ اور دروازہ وغیرہ بے جان اشیا ہیں۔
- کمرا جماعت میں واپس آکر تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں اور طلبہ سے جان دار اور بے جان اشیا کے نام پوچھیں۔

| جان دار اشیا | بے جان اشیا |
|---|---|
| چڑیا | میز |
| درخت | بستہ |
| پودے | کھڑکی |

- طلبہ کو بتائیں جان دار چیزیں زندہ رہنے کے لیے بے جان چیزوں پر انحصار کرتی ہیں جیسے انسان، پودے اور جانور وغیرہ سورج، پانی اور ہوا کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔
- طلبہ کو جان دار اور بے جان چیزوں کا تصوّر مزید مثالوں سے واضح کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| انحصار | اِن۔ حِ۔ صار | منحصر ہونا |
| بغیر | بَ۔ غیر | علاوہ۔ سِوا |
| اشیا | اَش۔ یا | شے کی جمع۔ چیزیں |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے جان دار اور بے جان اشیا میں فرق پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں، غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

کمرا جماعت میں موجود بے جان چیزوں کے نام اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل |
|---|---|---|


سوال نمبر 1: جان دار اشیا کے گرد دائرہ لگائیں۔










سوال نمبر 2: سوال نمبر 1 میں دی گئی بے جان اشیا کے نام لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |